سوال کا جواب لکھنا ہے۔

خوبصورت عربی کتابت، سفید کاغذ اور دلکش سرورق کے ساتھ یہ کتاب اتنی اچھی ہے کہ اسے دیکھ کر ہی ڈاڑھی بڑھانے کا ذوق بیدار ہو جاتا ہے۔

ماہنامہ تعمیر برلن | مرتب: مجلس ادارت - پتہ: مسعود احمد MASOOD AHMAD (LUETROW STR: 19, 1 BERLIN 3) قیمت: فی شمارہ ۱ مارک

یورپ کے بعض ممالک سے پاکستانیوں کے مرتب کردہ جو اردو رسائل کبھی کبھار آتے رہتے ہیں ان میں پہلے برمنگھم کے رسالہ اذان کو مخصوص مقام حاصل تھا۔ مگر اب تعمیر برلن کے متعلق یہ امید ہوتی ہے کہ شاید اس کے بیدار دل اور خوش ذوق مرتبین اسے کچھ ہی عرصے میں خاصا آگے لے جائیں۔ خوشی کی بات ہے کہ ان میں ادبی وشعری ذوق خاصا زوردار ہے۔ واضح رہے کہ تعمیر کا مزاج اسلامی اور تحریکی ہے۔ میرے پیش نظر "قائد انقلاب" مولینا مودودیؒ نمبر بھی ہے۔

مولینا مودودی کے سیاسی افکار | از جناب عبدالکریم عابد ایڈیٹر مشرق لاہور۔

ناشر: ادارہ ترجمان القرآن اچھرہ لاہور۔ قیمت: ۲۱/- روپے

عابد صاحب ہمارے بہت مخلص اور ذہین دوست ہیں اور ان کا کمال ہے کہ ایک روزنامے کی ادارتی مصروفیات کے ساتھ ساتھ انہوں نے مولینا مودودیؒ کے افکار ایک اہم موضوع "سیاست" پر جمع کر دیئے۔ یہ عام ضرورت کے لیے بہت مفید ہوں گے مگر عابد صاحب کی مصروفیات نے ان کو زیادہ آگے تک نہیں جانے دیا۔ تاہم جو کچھ انہوں نے کر دیا ہے۔ وہ نئے راستے بنانے میں کام دے گا۔